2024-12-16

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ اِسٹارٹ اَپ اداروں کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں اور لوگوں کو ہراساں کیے جانے کی روک تھام کی خاطر ضابطوں کو سہل بنائیں۔

2- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

3- آئین کے بارے میں دو روزہ خصوصی بحث آج راجیہ سبھا میں شروع ہو رہی ہے۔

4- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرکار نکسلیوں کے تشدد سے متاثرہ لوگوں اور خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کی بہبود کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کر رہی ہے۔

5- ممتاز طبلہ نواز ذاکر حسین کا امریکہ میں San Francisco میں انتقال ہو گیا ہے۔

6- اور ہاکی میں،

مسقط میں، بھارت نے چین کو دو کے مقابلے تین گول سے ہراکر خواتین کا جونیئر ایشیا کپ ٹائٹل کپ جیت لیا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM CS CONFERENCE

وزیراعظم نریندر مودی نے ریاستوں پر زور دیا ہے کہ وہ چھوٹے شہروں میں اپنا کاروبار کرنے والے افراد کے لیے سازگار مقامات کی نشاندہی کریں اور اُن کی معاونت کے لیے اقدامات کریں۔ نئی دلی میں چیف سکریٹریوں کی چوتھی قومی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے ریاستوں سے کہا کہ وہ متعلقہ ضابطوں کو سہل بنائیں کیونکہ ایسا نہ ہونے سے لوگوں کو ہراساں کیے جانے کے واقعات پیش آتے ہیں۔ وزیراعظم نے کانفرنس کے شرکا پر زور دیا کہ ریاستوں کو حکمرانی کے ماڈل میں اصلاح کرنی چاہیے تاکہ شہریوں کی شمولیت یا جَن بھاگیداری کی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ ریفارم، پرفارم اور ٹرانسفارم پر توجہ مرکوز کیا جانا اہمیت کا حامل ہے۔ ساتھ ہی لوگوں کو سرکار کے مختلف اقدامات کے بارے میں جانکاری فراہم کرنا بھی اہم ہے۔

سرکُلر معیشت کا تذکرہ کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس بات کو سراہا کہ GOBARdhan پروگرام کو اَب توانائی کے ایک بڑے وسیلے کے طور پر دیکھا جا رہاہے۔ جناب مودی نے ریاستوں کو یہ ہدایت دی کہ وہ E-waste کی recycling کے لیے تخمینہ لاگت اور اصل لاگت میں فرق کو دور کرنے کے مختلف متبادل راستے تلاش کریں۔

صحت کے شعبے کے تعلق سے وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ Fit India تحریک کے تحت ملک میں موٹاپے کو ایک بڑے چیلنج کے طور پر لیا جانا چاہیے۔

جناب مودی نے کہا کہ ایک صحت مند اور تندرست بھارت ہی وکست بھارت بن سکتا ہے۔x

PREZ SRI LANKA INDIA

وزیر اعظم نریندر مودی، اور دورے پر آئے ہوئے سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسّا نائکے آج نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کریں گے۔ وہ باہمی مفاد کے معاملات پر گفتگو کریں گے۔ جناب دِسّا نائکے، بھارت کے تین روزہ دورے پر کل نئی دلّی پہنچنے تھے۔ اُن کا استقبال اطلاعات و نشریات کے وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن نے کیا تھا۔

سری لنکا کے صدر، صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ سے ملاقات کریں گے۔ وہ بہار میں بودھ گیا بھی جائیں گے۔

V/C - Dipendra Kumar

جناب دِسّا نائکے نے جب سے صدر کا عہدہ سنبھالا ہے یہ بھارت کا اُن کا پہلا دوطرفہ دورہ ہے۔ امید ہے کہ اِس دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان کثیر جہتی اور باہمی فائدے مند تعاون کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔ جناب دِسّا نائکے، بھارت اور سری لنکا کے درمیان سرمایہ کاری اور تجارتی رابطوں کو فروغ دینےکے مقصد سے، دلّی میں ایک تجارتی تقریب میں شرکت کریں گے۔ بھارت اور سری لنکا کے درمیان کاروبار 2023-24 میں ساڑھے پانچ ارب ڈالر تک پہنچ گیا ہے۔ سری لنکا بحیرۂ ہند خطّے میں بھارت کا قریب ترین پڑوسی ملک ہے اور وہ وزیر اعظم کے "ساگر" ویژن اور بھارت کی "پڑوس مقدم" پالیسی میں مرکزی حیثیت کا حامل ہے۔

دِپیندر کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............اسعداللہ

RAJYA SABHA CONSTITUTION

آئین کے بارے میں دو روزہ خصوصی مباحثہ آج راجیہ سبھا میں شروع ہو رہا ہے۔ ملک میں آئین اختیار کیے جانے کے 75ویں سال کے آغاز کے موقع پر یہ بحث ہوگی۔ اِسی طرح کا مباحثہ جمعے اور ہفتے کے روزہ لوک سبھا میں ہوا تھا۔ امید ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی کَل راجیہ سبھا میں مباحثے کا جواب دیں گے۔

BJP نے راجیہ سبھا کے اپنے سبھی ارکان کے لیے 3 سطر پر مشتمل ایک Whip جاری کی ہے جس میں اُن پر زور دیا گیا ہے کہ وہ بھارتی آئین پر بحث کے دوران آج اور کَل ایوان بالا میں موجود رہیں۔

26 نومبر 1949 کو بھارتی آئین ساز اسمبلی نے باضابطہ طور پر آئین کو اپنایا تھا اور یہ 26 جنوری 1950 کو نافذ ہوا۔

اِس طرح بھارت ایک خود مختار اور جمہوری ملک کے طور پر قائم ہوا۔

2015 میں مودی سرکار نے باضابطہ طور پر یہ اعلان کیا تھا کہ 1949 میں بھارتی آئین اپنائے جانے کے احترام کے طور پر ہر سال 26 نومبر کو یوم آئین یا سمودھان دِوس کے طور پر منایا جائے گا۔x

AMIT SHAH

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کَل شام چھتیس گڑھ کے اپنے دورے میں بَستر ضلعے کے ڈویژنل صدر مقام جگدَل پور میں خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں اور ان کے اہل خاندان کے ساتھ گفتگو کی۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ سرکار نکسلیوں کے تشدد سے متاثرہ لوگوں کے ساتھ ساتھ خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کی بہبود کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کر رہی ہے۔

S/B Amit Shah

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C Vikalp Shukla

جناب امت شاہ چھتیس گڑھ کے اپنے دورے کے دوسرے دن آج جگدَل پور میں اَمر واٹیکا کے مقام پر اُن سیکیورٹی اہلکاروں کو خراجِ عقیدت پیش کریں گے جو نکسلیوں کے حملوں میں شہید ہوئے ہیں۔ وہ شہید جوانوں کے ارکان خاندان سے بھی ملیں گے۔ اِس کے علاوہ مرکزی وزیر داخلہ آج شام چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کریں گے، جس میں نکسلیوں کے خلاف کارروائی اور ماؤنوازوں سے متاثرہ علاقوں میں ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لیا جائے گا۔x

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں شمیم عرفان

ZAKIR HUSSAIN

شہرہئ آفاق طبلہ نواز ذاکر حسین کا کل رات امریکہ میں انتقال ہو گیا۔ وہ 73 سال کے تھے۔ اُن کے کنبے کے ذرائع نے بتایا کہ اُنہیں بلڈ پریشر کی بیماری کا سامنا تھا۔ اِس سے پہلے ذاکر حسین کو، دل کی بیماری کی وجہ سے، San Francisco کے ایک اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔

اُستاد ذاکر حسین 9 مارچ 1951 کو، ممبئی میں پیدا ہوئے تھے۔ وہ طبلہ نوازی کی ایک مثالی شخصیت اُستاد اللہ کے سب سے بڑے بیٹے تھے اور اُنہیں بہت چھوٹی عمر سے ہی موسیقی سے گہرا لگاؤ تھا۔

اپنی 60 سال کی پیشہ ورانہ زندگی میں انہوں نے پانچ Grammy ایوارڈز حاصل کیے، جس میں اِس سال کے آغاز میں Grammy ایوارڈز کی 66 ویں تقریب میں، اُن کو دیے گئے تین Grammy ایوارڈز شامل ہیں۔

انہوں نے کچھ فلموں میں اداکاری بھی کی، جن میں ”ساز“، "Heat and Dust" بھی شامل ہیں۔ اُن کی تازہ ترین فلم "Monkey Man"، 2024 میں ہی ریلیز ہوئی تھی۔

ذاکر حسین نے بھارت اور بین الاقوامی سطح کے بہت سے مشہور و معروف فنکاروں کے ساتھ اپنی طبلہ نوازی کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے Jazz کے ساتھ مل کر ہندوستانی کلاسیکل موسیقی بھی پیش کی، جو اپنے اندر ایک منفرد انداز کی موسیقی تھی اور لوگوں نے جسے پہلے کبھی نہیں سُنا تھا۔

ذاکر حسین کو 1988 میں پدم شری، 2002 میں پدم بھوشن اور 2023 میں پدم وبھوشن سے نوازا گیا تھا۔×

MAHA - ASSEMBLY SESSION

مہاراشٹر اسمبلی کا موسمِ سرما کا اجلاس، آج ناگپور میں شروع ہوگا۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Dhananjay Wankhede

مہاراشٹر اسمبلی کا موسمِ سرما کا اجلاس، وزیروں کی کونسل میں نئے شامل کیے گئے وزیروں کے تعارف کے ساتھ شروع ہوگا۔ آج اِس سال کے لیے ضمنی مطالباتِ زر بھی پیش کیے جائیں گے۔ برسر اقتدار مہایوتی سرکار کی کابینہ میں کل توسیع کی گئی ہے، جس کے تحت انتالیس وزیروں کو عہدے کا حلف دلایا گیا ہے۔ کابینہ وزیروں میں سب سے زیادہ BJP کے وزیر ہیں۔ اِن کی تعداد 16 ہے، جس کے بعد شیو سینا کے 9 اور نیشنلسٹ کانگریس پارٹی کے 8 کابینہ وزیر ہیں۔ کل ناگپور میں اسمبلی کے موسمِ سرما کے اجلاس سے قبل شام، ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ دِویندر فڑنویس نے بتایا کہ اِس اجلاس کے دوران 20 بِل پیش کیے جائیں گے۔ اپوزیشن کی قیادت والی مہا وکاس اگھاڑی نے روایتی چائے پارٹی کا بائیکاٹ کیا تھا، جس کا اہتمام کل سرکار کی طرف سے کیا گیا تھا۔ یہ بائیکاٹ پَربھَنیاور بِیڑ میں پُرتشدد واقعات اور کانٹریکچوئل ملازمت نیز اسمبلی اجلاس کی مختصر مدّت جیسے معاملات پر کیا گیا تھا۔

ناگپور سے دھننجے وانکھیڑے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............اسعداللہ

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

SRI LANKA PREZ SITHARAMAN

سری لنکا کے صدر انورا کمارا دِسّا نائکے نے کہا ہے کہ انہوں نے، وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال کے ساتھ نتیجے خیز مذاکرات کیے ہیں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر دِسّا نائکے نے کہا کہ اُن کی بات چیت میں، بھارت-سری لنکا اقتصادی تعاون کو مستحکم بنانے، سرمایہ کاری کے موقعوں میں اضافہ کرنے، علاقائی سلامتی کو مضبوط بنانے اور سیاحت و توانائی جیسے بنیادی شعبوں کو ترقی دینے پر توجہ مرکوز کی گئی۔×

PM MANN KI BAAT

وزیر اعظم نریندر مودی 29 دسمبر کو آکاشوانی پر، ”من کی بات“ پروگرام میں ملک اور بیرون ملک عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 117واں نشریہ ہوگا۔ اِس پروگرام کیلئے لوگ اپنے خیالات اور تجاویز اِس ٹول فری نمبر

ایک آٹھ صفر صفر - ایک ایک - سات آٹھ صفر صفر پر

اور نریندر مودی ایپ یا My Gov اوپن فورم کے ذریعے بھی بھیج سکتے ہیں۔

یہ خیالات اور تجاویز اِس مہینے کی 27 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔ یہ پروگرام آکاشوانی کے پورے نیٹ ورک دور درشن، AIR نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن AIR موبائل ایپ پر سنا جاسکے گا۔

یہ پروگرام، AIR نیوز، DD نیوز، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے یو ٹیوب چینلز پر لائیو اسٹریم بھی کیا جائے گا۔

یہ پروگرام آکاشوانی سے، ہندی نشریے کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں بھی نشر کیا جائے گا۔ x

FPIS

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے اِس ماہ کے، شروع کے دو ہفتوں میں بھارتی اثاثہ مارکیٹ میں تقریباً 28 ہزار کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی۔ اعداد وشمار کے مطابق غیرملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے بھارت کی شیئر مارکیٹ میں 22 ہزار 766 کروڑ روپئے اور قرضہ مارکیٹ میں چار ہزار 814 کروڑ روپئے لگائے ہیں۔ یہ سرمایہ کاری پچھلے کچھ مہینوں میں بڑے پیمانے پر رقم نکالے جانے کے بعد کی گئی ہے۔

غیرملکی سرمایہ کاروں نے نومبر میں 21 ہزار 612 کروڑ روپئے اور اکتوبر میں 94 ہزار 17 کروڑ روپئے مارکیٹ سے نکالے تھے۔

FPIs نے اِس سال ابھی تک، بھارت کی اثاثہ مارکیٹس میں ایک اعشاریہ دو لاکھ کروڑ روپئے کی سرمایہ کاری کی ہے۔x

VIJAY DIWAS

1971 کی جنگ میں پاکستان پر بھارت کی فتح کی یاد میں آج وجے دِوس منایا جا رہا ہے۔ اِس موقع پر اُن شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا جا رہا ہے جنھوں نے جنگ کے دوران اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر دیا تھا۔

1971 میں آج ہی کے دن پاکستانی فورسز کے سربراہ جنرل اے۔اے۔خان نیازی نے اپنے 93 ہزار فوجیوں کے ساتھ اتحادی افواج کے سامنے غیر مشروط طور پر خود سپردگی کردی تھی۔ یہ اتحادی فورسز بھارتی فوج اور مُکتی با ہنی پر مشتمل تھی۔

جنگ کے خاتمے پر مشرقی پاکستان کے علیحدہ ہونے کے بعد بنگلہ دیش وجود میں آیا تھا۔x

MP - MUSIC FESTIVAL

تان سین موسیقی فیسٹیول کی 100 ویں تقریب کو یادگار بنانے کے لیے، Guinness Book کا ایک عالمی ریکارڈ بنایا گیا ہے۔ یہ ریکارڈ کل مدھیہ پردیش کے گوالیار شہر میں، 9 سازوں کو ایک ساتھ 9 منٹ تک بجایا گیا، جس میں طبلہ، بانسری، وائلن، سنتور، سرود، سارنگی، ستار، بینجو اور ہارمونیم شامل ہیں۔

مدھیہ پردیش اور ملک کے 536 مرد اور خاتون فنکاروں نے اِس پروگرام میں حصہ لیا، جس کے وسیلے سے گائیکی کے شہنشاہ تان سین کو موسیقانخراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، مواصلات کے مرکزی وزیر جیوترادتیہ سندھیہ اور اسمبلی اسپیکر نریندر سنگھ تومر اِس پروگرام میں شامل تھے۔

تان سین سماروہ کا اہتمام مدھیہ پردیش کا ثقافت کا محکمہ کرتا ہے۔x

DELHI POLLUTION

قومی راجدھانی دلی میں ہوا کی کوالٹی پھر سے بہت خراب کے زمرے میں پہنچ گئی ہے۔ آج صبح سات بجے ہوا کی کوالٹی کا اوسط اشاریہ 342 ریکارڈ کیا گیا۔ فضائی آلودگی پرکنٹرول سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں یہ اشاریہ 350 سے بھی زیادہ ہو گیا ہے۔

اِدھر بھارتی موسمیات محکمے نے پیش گوئی کی ہے کہ دلی اور مضافاتی قومی راجدھانی خطے میں اگلے دو دن کے دوران رات اور صبح کے اوقات میں دھند اور کہرہ چھائے رہنے کا امکان ہے۔

دلی قومی راجدھانی خطے میں کم از کم درجہئ حرارت میں تین ڈگری سیلسیس تک کی کچھ گراوٹ آئی ہے اور آج بھی موسم سرد رہنے کا امکان ہے۔

بھارتی موسمیات محکمے نے آج مدھیہ پردیش میں کہیں کہیں شدید سردی کی پیش گوئی کی ہے۔ موسمیات محکمے نے جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، اترپردیش، راجستھان، ودربھ، اوڈیشہ اور تلنگانہ میں بھی سردی کا زور جاری رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

اُدھر تمل ناڈو، وسطی آندھرا پردیش اور رایل سیما میں اگلے دو تین دن کے دوران تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔x

MOLDOVA ISA

مالدووا نے، بین الاقوامی شمسی اتحاد ISA کے فریم ورک سے متعلق ایک معاہدے پر دستخط کیے ہیں اور اِس طرح وہ اِس اتحاد میں باقاعدہ طور پر شامل ہو گیا ہے۔

وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت، مالدووا کا خیر مقدم کرتا ہے کہ وہ ISA پلیٹ فارم کے وسیلے سے صاف ستھری توانائی اور اِسے مستحکم بنانے کی عالمی کوششوں میں شامل ہوا۔×

HOCKEY INDIA

ہاکی میں عمان کے شہر مسقط میں بھارت نے خواتین کی جونیئر ایشیا کپ چیمپین شپ جیت لی ہے۔ کل رات کھیلے گئے فائنل میں بھارتی ٹیم نے پنالٹی شوٹ آؤٹ میں چین کو دو کے مقابلے تین گول سے ہرا دیا۔ اِس طرح بھارتی خواتین نے یہ ٹائٹل اپنے پاس برقرار رکھا ہے۔

بھارتی گول کیپر Nidhi نے پنالٹی شوٹ آؤٹ کے دوران تین اہم گول بچائے جبکہ ساکشی رانا، Ishika اور Sunelita Toppo نے بھارت کی طرف سے گول کیے۔

بھارتی خواتین کی ہاکی ٹیم کی اِس کامیابی پر ہاکی انڈیا نے ہر کھلاڑی کے لیے دو۔دو لاکھ روپے اور ہر معاون اسٹاف کے لیے ایک۔ایک لاکھ روپے کے انعام کا اعلان کیا ہے۔

بھارت کی دیپیکا سہراوَت نے اِس ٹورنامنٹ میں سب سے زیادہ 12 گول کیے۔x

CRICKET

آج صبح آسٹریلیا نے 7 وکٹ پر 405 رن سے آگے کھیلنا شروع کیا اور اُس کی پوری ٹیم پہلی اننگز میں 445 رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔ جسپریت بمراہ نے 6 وکٹ لیے جبکہ سراج نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

میچ کے پہلے دن روہت شرما کی زیر کمان بھارتی ٹیم نے ٹاس جیت کر گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا لیکن بارش کی وجہ سے کھیل ترک کرنا پڑا اور آسٹریلیا کی ٹیم بغیر کسی نقصان کے 28 رن ہی بنا سکی تھی۔

پانچ ٹیسٹ میچوں کی سیریز میں دونوں ٹیمیں ایک۔ایک میچ جیت کر برابری پر ہیں۔x

CRICKET SYED MUSHTAQ

گھریلو کرکٹ میں، ممبئی نے سید مشتاق علی ٹرافی کا خطاب جیت لیا ہے۔ کل رات کھیلے گئے فائنل میچ میں بنگلورو کے، ایم چِنّا سوام اسٹیڈیم میں، ممبئی نے مدھیہ پردیش کو پانچ وکٹ سے ہرا دیا۔

مدھیہ پردیش کی ٹیم 8 وکٹ پر محض 174 رن بنا سکی۔ اِس نشانے کو، ممبئی کی ٹیم نے 17 اعشاریہ 5 گیند میں حاصل کر لیا۔ سوریہ کمار یادو نے 35 گیند پر 48 رن کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ مدھیہ پردیش کی طرف سے رجت پاٹی دار نے 81 رن کا نمایاں اسکور کیا۔

سوریانش شیڈگے کو، اُن کی شاندار کارکردگی کی وجہ سے مین آف دا میچ اور ممبئی کے اجنکیا راہانے کو، مین آف دا سیریز قرار دیا گیا۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......اسعد اللہ

شکریہ - اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا، انقلاب، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے بیشتر اردو اخباروں نے مہاراشٹر کی مہایوتی حکومت میں، کابینہ کی توسیع کئے جانے کی خبر کو صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیر داخلہ امت شاہ کے دورہئ چھتیس گڑھ کو اہمیت کے ساتھ جگہ دی ہے جس میں انھوں نے کہا کہ مرکزی اور ریاستی حکومتیں چھتیس گڑھ اور ملک کو نکسل فری بنانے کے لیے پوری طرح پابند عہد ہیں۔

اس کے علاوہ آج کے اردو اخبارات نے اترپردیش اسمبلی کا سرمائی اجلاس شروع ہونے، وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے ذریعے مہرشی دیانند سرسوتی جینتی پر، یادگاری ٹکٹ جاری کئے جانے، حیدرآباد کے گچی باؤلی میں سائیکلو تھون کا انعقاد کئے جانے کی خبر کو نمایاں کیا ہے۔ اخبارات کی بین الاقوامی خبریں کچھ اس طرح ہیں:

_ مشرقی وسطیٰ کی صورتحال کے تناظر میں امریکی وزیر خارجہ کا خطے کا گیارہواں دورہ۔

_ شیخ محمد بن زاید کی روس کے صدر سے ملاقات۔

_ شہزادہ خالد بن سلمان کا برطانوی وزیر دفاع سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہئ خیال۔

_ اردن میں عرب لیگ کا اجلاس، پرامن اقتدار کی منتقلی اور ہر ممکن مدد فراہم کرنے پر کیا گیا اتفاق۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ اِسٹارٹ اَپ اداروں کے فروغ کے لیے سازگار ماحول پیدا کریں اور لوگوں کو ہراساں کیے جانے کی روک تھام کی خاطر ضابطوں کو سہل بنائیں۔

2- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلی میں سری لنکا کے صدر Anura Kumara Dissanayake کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

3- آئین کے بارے میں دو روزہ خصوصی بحث آج راجیہ سبھا میں شروع ہو رہی ہے۔

4- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ سرکار نکسلیوں کے تشدد سے متاثرہ لوگوں اور خود سپردگی کرنے والے ماؤنوازوں کی بہبود کے لیے ایک جامع منصوبہ تیار کر رہی ہے۔

5- ممتاز طبلہ نواز ذاکر حسین کا امریکہ میں San Francisco میں انتقال ہو گیا ہے۔

6- اور ہاکی میں،

مسقط میں، بھارت نے چین کو دو کے مقابلے تین گول سے ہراکر خواتین کا جونیئر ایشیا کپ ٹائٹل کپ جیت لیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------